مشددا الخ	قراءت بیان کی ہے۔
الشرک و الکفر	مفعول بہ بیان کیا ہے۔
منها	متعلق بیان کیا ہے۔

بالشرک و الکفر	متعلق بیان کیا ہے۔
علی الرکب	متعلق بیان کیا ہے۔
ای المؤمنین والکافرین	ضمیر مرجع بیان کر دیا۔
من القرآن	متعلق بیان کیا ہے۔
واضحات	معنی بیان کیا ہے۔
حال	نحوی ترکیب بیان کی ہے۔
نحن و انتم	مراد بیان کی ہے۔
منزلا و مسکنا	معنی بیان کیا ہے۔
بالفتح الخ	قراءت بیان کی ہے۔
بمعنی النادی	معنی بیان کیا ہے۔
و هو مجتمع القوم الخ	مراد بیان کی ہے۔
قال تعالی	آگے کی تمہید بیان کی ہے۔
کثیرا	معنی بیان کیا ہے۔
ای امۃ من الامم الماضیۃ	معنی بیان کیا ہے۔
مالا و متاعا	معنی بیان کیا ہے۔
منظرا	معنی بیان کیا ہے۔
من الرؤیۃ	اشتقاق بیان کیا ہے۔
فلما اهلکنا	تفصیل بیان کی ہے۔
شرط جوابہ	نحوی ترکیب بیان کی ہے۔
بمنعی خبر ای یمد	معنی بیان کیا ہے۔

فی الدنیا	متعلق بیان کیا ہے۔
یستدرجہ	معنی بیان کیا ہے۔
کالقتل و الاسر	مراد بیان کی ہے۔
المشتملۃ علی جھنم فیدخلونھا	مراد بیان کی ہے۔
اعوانا	معنی بیان کیا ہے۔
ا ھم ام المؤمنون الخ	مراد بیان کی ہے۔
بالایمان	متعلق بیان کیا ہے۔
بما ینزل الخ	متعلق بیان کیا ہے۔
ھی الطاعات	مراد بیان کی ہے۔
تبقی صاحبھا	مراد بیان کی ہے۔
ای ما یرد الیہ و یرجع بخلاف اعمال الکفار	معنی بیان کیا ہے۔
الخیریۃ ھنا الخ	مراد بیان کی ہے۔
العاص بن وائل	مراد بیان کی ہے۔
لخباب بن الارت الخ	متعلق بیان کیا ہے۔
علی تقدیر البعث	محذوف بیان کیا ہے۔
فاقضیک	تفصیل بیان کی ہے
ای اعلمہ ان یؤتیٰ ما قالہ	معنی بیان کیا ہے۔
و استغنی الخ	صرفی تحقیق بیان کی ہے۔
بان یؤتٰی الخ	متعلق بیان کیا ہے۔
ای لا یؤتٰی ذالک	مراد بیان کی ہے۔
نامر بکتب	معنی بیان کیا ہے۔
نزیده	معنی بیان کیا ہے۔
بذالک عذابا فوق عذاب کفره	متعلق بیان کیا ہے۔
من المال و الولد	متعلق بیان کیا ہے۔
یوم القیٰمۃ	متعلق بیان کیا ہے۔
لا مال لہ ولا ولد	فردا کی مراد بیان کی ہے۔
ای کفار مکۃ	فاعل کی ضمیر کا مرجع بیان کیا ہے۔
الاوثان	مراد بیان کی ہے۔
یعبدونھم	مراد بیان کی ہے۔

شفعاءعند الله بان لا یعذبوا	عزا کی مراد بیان کی ہے۔
ای لا مانع من عذابھم	مراد بیان کی ہے۔
ای الألھۃ	مفعول بہ محذوف بیان کیا ہے۔
ای ینفونھا	معنی بیان کیا ہے۔
کما فی آیۃ اخری	آیت کی تفسیر دوسری آیت سے کی ہے۔
اعوانا و اعداء	معنی بیان کیا ہے۔

سورۃ المریم رکوع نمبر ٦

۱) (علی الکافرین تؤزھم) کی وضاحت صاحب جلالین نے کیا کی ہے؟

ج) وہ (شیاطین) ان کو گناہوں پر ابھارتے ہیں۔

۲) (فلا تعجل علیھم) کی وضاحت صاحب جلالین نے کیا کی ہے؟

ج) عذاب کو طلب کرنے میں جلدی نہ کریں۔

۳) (انما نعدلھم) سے کیا مراد ہے؟

ج) دن اور رات یا سانسیں گن رہے ہیں۔

۴) (عدا) کی وضاحت صاحب جلالین نے کیا کی ہے؟

ج) ان کے عذاب کے وقت تک۔

۵) (الی الرحمٰن **وفدا**) میں **وفدا** واحد ہے یا جمع نیز اس کا معنی بھی بیان کریں، تفسیر جلالین کی روشنی میں بیان کریں؟

ج) یہ وافد کی جمع ہے، اس کا معنی راکب ہے۔

٦) (الی جھنم **وردا**) میں **وردا** واحد ہے یا جمع نیز اس کا معنی بھی بیان کریں، تفسیر جلالین کی روشنی میں بیان کریں؟

ج) یہ وارد کی جمع ہے، اس کا معنی ماش عطشان ہے۔

۷) (عند الرحمٰن عھدا) سے کیا مراد ہے؟

ج) یعنی لا الہ الا اللہ و لا حول و لا قوۃ کی گواہی دینا۔

۸) (قالوا) سے کون مراد ہیں؟

ج) یہود، نصاری اور وہ جو ملائکہ کو اللہ کی بیٹیاں گمان کرتے ہیں۔

۹) (یتفطرن) کی قرائتیں بیان کریں؟

ج) یہ تکاد کی قراءت سے متصف ہے:

اگر تکاد ہے تو یہ دو طرح پڑھا جاسکتا ہے　　تاء کے ساتھ : یتفطرْن　　نون کے ساتھ : یتفطرن

اگر یکاد ہے تو پھر صرف تاء کے ساتھ ہی پڑھ سکتے ہیں　　تاء کے ساتھ : یتفطرْن

۱۰) (اتی الرحمٰن عبدا) کی وضاحت صاحب جلالین نے کیا کی ہے؟

ج) حضرت عیسیٰ و عزیر علیہما السلام قیامت کے دن جھکتے ہوئے آئیں گے۔

۱۱) (کلھم اٰتینہ یوم القیٰمۃ **فردا**) میں **فردا** سے کیا مراد ہے؟

ج) یعنی ان کے پاس نہ ہی مال ہوگا اور نہ ہی کوئی مددگار جو عذاب کو منع کر سکے۔

۱۲) (قوما **لدا**)) میں **لدا** واحد ہے یا جمع نیز اس کا معنی بھی بیان کریں، تفسیر جلالین کی روشنی میں بیان کریں؟

ج) یہ الد کی جمع ہے یعنی جھگڑا کرنے والے وہ کفار مکہ ہیں۔

۱۳) (اھلکنا من قرن) یہ قرن کیوں ہلاک کئے گئے؟

ج) یعنی کوئی بھی امت گزری ہوئی امتوں میں سے اپنے رسول کو جھٹلانے کے سبب

۱۴) (تسمع لھم **رکزا**) میں **رکزا** کا معنی بیان کریں؟

ج) کم آواز۔

تفسیر	اغراض صاحب جلالین
سلطناهم	معنی بیان کیا ہے۔
تهیجهم	معنی بیان کیا ہے۔
الی المعاصی	متعلق بیان کیا ہے۔
بطلب العذاب	متعلق بیان کیا ہے۔
الایام و اللیالی او الانفاس	مراد بیان کی ہے۔
الی وقت عذابهم	متعلق بیان کیا ہے۔
اذکر	متعلق محذوف بیان کیا ہے۔
بایمانهم	متعلق بیان کیا ہے۔
جمع وافد	صرفی تحقیق کی ہے۔
بمعنی راکب	معنی بیان کیا ہے۔
بکفرهم	متعلق بیان کیا ہے۔
جمع وارد	صرفی تحقیق کی ہے۔
بمعنی ماش عطشان	معنی بیان کیا ہے۔
ای الناس	فاعل محذوف ذکر کیا ہے۔
ای شهادة ان لا اله الا الله الک	مراد بیان کی ہے۔
ای الیهود الخ	فاعل بیان کئے ہیں۔
قال تعالی لهم	آگے کی تمہید بیان کی ہے۔
ای المنکر عظیما	معنی بیان کیا ہے۔
بالتاء و الیاء	قراءت بیان کی ہیں۔
بالنون الخ	کی قراءت بیان کی ہے۔
من عظم هذا القول	منہ کی ضمیر کا مرجع بیان کیا ہے۔
ای تنطبق علیهم من اجل	معنی بیان کیا ہے۔
قال تعالی	آگے کی تمہید بیان کی ہے۔
ای ما یلیق به ذالک	معنی بیان کیا ہے۔
ای ما	معنی بیان کیا ہے۔
ذلیلا خاضعا	صفت بیان کی ہے۔
یوم القیٰمة	متعلق بیان کیا ہے۔
منهم عیسیٰ و عزیر علیه السلام	مراد بیان کی ہے۔

فلا یخفی	تفصیل بیان کی ہے۔
بلا مال و لا نصیر یمنعہ	مراد بیان کی ہے۔
فیما بینھم الخ	متعلق بیان کیا ہے۔
ای القرآن	ضمیر کا مرجع بیان کیا ہے
العربی	مراد بیان کی ہے۔
النار	مفعول محذوف بیان کیا ہے۔
بالایمان	متعلق بیان کیا ہے۔
تخوف بہ	معنی بیان کیا ہے۔
جمع الد	صرفی تحقیق کی ہے۔
ذو جدل بالباطل	معنی بیان کیا ہے۔
ھم کفار مکۃ	مراد بیان کی ہے۔
ای کثیرا	معنی بیان کیا ہے۔
ای امۃ من الامم الماضیۃ بتکذبیھم الرسل	مراد بیان کی ہے۔
تجد	معنی بیان کیا ہے۔
صوتا خفیا	معنی بیان کیا ہے۔
لا فکما اھلکنا اولئک نھلک ھؤلاء	تفصیل بیان کی ہے۔

تفصیلی فہرست اغراض جلالین

۱) متشابہ کی مراد بیان کرنا:

فرمان باری تعالیٰ ہے: (طٰہٰ) اللہ اعلم بمرادہ بذالک ---یہاں پر طہ یہ متشابہ حروف میں سے ہے تو مفسر نے اس کی غرض میں اس کی مراد بیان فرمائی۔

۲) مخاطب بیان کرنا:

فرمان باری تعالیٰ ہے: (مَا اَنْزَلْنَا عَلَیْکَ الْقُرْاٰنَ) یا محمد ---آیت میں مذکور کاف ضمیر خطاب کا مخاطب بیان کیا ہے۔

۳) معنی بیان کرنا:

فرمان باری تعالیٰ ہے: (مَا اَنْزَلْنَا عَلَیْکَ الْقُرْاٰنَ لِتَشْقٰی) لتتعب ---آیت میں مذکور آخری لفظ کا معنی بیان کیا ہے۔

۴) شان نزول بیان کرنا:

فرمان باری تعالیٰ ہے: (مَا اَنْزَلْنَا عَلَیْکَ الْقُرْاٰنَ لِتَشْقٰی) بما فعلت بعد نزوله من طول قیامک بصلوة اللیل ---مذکورہ آیت کا شان نزول بیان کیا ہے۔

۵) متعلق بیان کرنا:

فرمان باری تعالیٰ ہے: (وَ اِنْ تَجْهَرْ بِالْقَوْلِ) فی ذکر او دعاء ---مذکورہ آیت میں جہر کرنے کا تعلق دعا میں اور ذکر میں ہے۔

۶) نحوی ترکیب بیان کرنا:

فرمان باری تعالیٰ ہے: (اَنَا) توکید لیاء المتکلم---مذکور لفظ کا ما قبل سے نحوی تعلق بیان کیا ہے۔

۷) صرفی تحقیق بیان کرنا:

فرمان باری تعالیٰ ہے: (وَ السَّمٰوَاتِ الْعُلٰی) جمع علیا ---آیت میں موجود آخری لفظ کا صرفی تعلق بیان کیا ہے۔

۸) مراد بیان کرنا:

فرمان باری تعالیٰ ہے: (اَوْ اَجِدُ عَلَی النَّارِ هُدًی) یدلنی علی الطریق--- یہاں هدی سے مراد راستہ پر دلالت کرنے والا شخص ہے۔

۹) محذوف ذکر کرنا:

فرمان باری تعالیٰ ہے: محفوظ (عَنْدَ رَبِّیْ فِیْ كِتٰبٍ) ---- یہاں صرف خبر ذکر کی تو صاحب جلالین نے اس کے محذوف مبتداء کو ذکر کر دیا۔

۱۰) مفعول بہ بیان کرنا:

فرمان باری تعالیٰ ہے: (لَعَلَّهٗ يَتَذَكَّرُ اَوْ يَخْشٰى) الله فيرجع ----مذکورہ آیت میں یخشی کا مفعول بہ محذوف تھا جو کہ اللہ ہے۔

۱۱) قراءت بیان کرنا:

فرمان باری تعالیٰ ہے: (ءَاٰمَنْتُمْ) بتحقيق الهمزتين او ابدال الثانى الفا----مذکور لفظ قرآنی میں قراء حضرات کا اختلاف بیان کیا ہے۔

۱۲) مرادی معنی بیان کرنا:

فرمان باری تعالیٰ ہے: (وَ مَا تِلْكَ بِيَمِيْنِكَ يٰمُوْسٰى) الاستفهام لتقرير ---آیت میں مذکورہ لفظ ما کا مرادی معنی بیان کیا ہے کہ یہ استفہام کے لئے تو استعمال ہوتا ہے لیکن یہاں استفہام تقریری ہے۔

۱۳) وجہ بیان کرنا:

فرمان باری تعالیٰ ہے: (وَ مَا تِلْكَ بِيَمِيْنِكَ يٰمُوْسٰى) ليرتب عليه المعجزة ---مذکورہ آیت کی وجہ بیان کی ہے کہ اس عبارت کی وجہ یہ ہے کہ اس پر معجزہ ترتیب دیا جائے۔

۱۴) آیت کی مناسبت سے واقعہ بیان کرنا:

فرمان باری تعالیٰ ہے: (سَنُعِيْدُهَا سِيْرَتَهَا الْاُوْلٰى) فادخل يده فى فمها فعادت عصا--- کلام باری تعالیٰ کی مناسبت سے پہلی حالت میں لوٹنے کا واقعہ ذکر کیا ہے۔

۱۵) حال بیان کی ہے:

فرمان باری تعالیٰ ہے: (اَوْحَيْنَا اِلٰى اُمِّكَ) مناما او الهاما ---مذکورہ آیت میں القاء کرنے کی حالت بیان کی ہے۔

۱۶) جملے کا معنی بیان کرنا:

فرمان باری تعالیٰ ہے: (وَ لِتُصْنَعَ عَلٰى عَيْنِىْ) تربى على رعايتى ---مذکورہ پورے جملے کا معنی بیان کیا ہے۔

۱۷) تمییز بیان کی ہے:

فرمان باری تعالی ہے: (فَلَبِثْتُ سِنِيْنَ) عشرا ---مذکور لفظ قرآنی میں ابہام تھا کہ کتنے سال روکے تو آگے تمییز بیان کر دی گئی۔

۱۸) وجہ تخصیص بیان کی ہے:

فرمان باری تعالی ہے: (قَالَ مَن رَّبُّكُمَا يٰمُوْسٰى) اقتصر عليه لانه اصل ---مذکورہ آیت میں صرف حضرت موسی ہی کو مخاطب کیا ہے لیکن وہاں حضرت ہارون بھی موجود تھے، مفسر نے حضرت موسی کو خاص کرنے کی وجہ بیان کی ہے۔

۱۹) فاعل بیان کرنا:

فرمان باری تعالی ہے: (قَالَ) موسی ---مذکور لفظ قرآنی کا فاعل بیان کر دیا۔

۲۰) آگے کی تمہید بیان کی ہے:

فرمان باری تعالی ہے: قال تعالی تتميما لما وصفه به موسى و خطابا بالاهل مكه (فَاَخْرَجْنَا بِهٖ اَزْوَاجاً) ---- مفسر نے آنے والی آیت کی ایک تمہید بیان کر دی۔

۲۱) مشار الیہ بیان کرنا:

فرمان باری تعالی ہے: (اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ) المذكور منا ---مذکور عبارت میں موجود اسم اشارہ کا مشار الیہ بیان کیا ہے۔

۲۲) وجہ تسمیہ بیان کی ہے:

فرمان باری تعالی ہے: (لِاُوْلِي النُّهٰى) سمى به العقل ---مذکور آیت میں موجود لفظ نہی کہنے کی وجہ بیان کی ہے۔

۲۳) ضمیر کا مرجع بیان کرنا:

فرمان باری تعالی ہے: (مِنْهَا) الارض ---مذکور لفظ قرآنی میں موجودہ ضمیر کا مرجع بیان کیا ہے۔

۲۴) جواب امر بیان کرنا:

فرمان باری تعالی ہے: (قال بل القوا) فالقوا ---مذکور عبارت قرآنی فعل امر کا ذکر کیا گیا ہے، مفسر نے اس کا جواب امر ذکر دیا۔

۲۵) اصل اور صرفی تعلیل بیان کی ہے:

فرمان باری تعالی ہے: (فَاِذَا حِبَالُهُمْ وَ عِصِيُّهِمْ) اصله عصوو ---- مفسر نے لفظ قرآنی کی فرقی تحقیق اور اصل بیان کی ہے۔

۲۶) مفضل علیہ بیان کرنا:

فرمان باری تعالی ہے: (وَاللّٰهُ خَيْرٌ) منک ثوابا اذا اطیع ---مذکور عبارت قرآنی میں اسم تفضیل اور مفضل ذکر تھے، مفسر نے مفصل علیہ ذکر کر دیا۔

۲۷) وقوع بیان کرنا:

فرمان باری تعالی ہے: (لَا تَاْخُذْ بِلِحْيَتِيْ) وکان اخذ شعره ---مذکور عبارت قرآنی کا وقوع کہاں ہوا ہے، مفسر نے بیان کیا ہے۔

۲۸) آیت قرآنی کی تفصیل بیان کرنا:

فرمان باری تعالی ہے: (ثُمَّ لَنَنْسِفَنَّهٗ فِيْ الْيَمِّ نَسْفاً) و فعل موسى بعد ذبحه ما ذكره ----مذکور آیت قرآنی کی مفسر صاحب نے تفصیل بیان کی ہے کہ حضرت موسی ایسا کیا۔

۲۹) مقدر بیان کرنا:

فرمان باری تعالی ہے: (و) اذکر (اِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ) ---- مفسر علیہ الرحمہ نے مقدر لفظ کو ذکر کیا ہے۔

۳۰) آیت قرآنی کے مطابق حدیث بیان کرنا:

فرمان باری تعالی ہے: (فَاِنَّ لَهٗ مَعِيْشَةً ضَنْكًا) و فسرت فی حدیث بعزاب الکافر فی قبره ----آیت مبارکہ کی تفسیر کرنے کے لئے حدیث مبارکہ ذکر کی ہے۔

۳۱) سوال مقدر کا جواب دینا:

فرمان باری تعالی ہے: (لَعَلَّهٗ يَتَذَكَّرُ اَوْ يَخْشٰى)الترجی بالنسبة الیهما لعلمه تعالی بانه لا یرجع---آیت کریم میں ترجی (لعلہ آیا ہے تو سوال ہوا کہ ااس ترجی کی نسبت کس کی طرف کریں، مفسر علیہ الرحمہ نے اس کا جواب دیا ہے۔

تذکرات حضرات انبیاء

حضرت زکریا علیہ السلام

حافظ ابوالقاسم بن عساکر نے اپنی مشہور کتاب تاریخ الحافل میں حضرت زکریا کا پورا نام زکریا بن برخیا لکھا ہے۔آپ علیہ اسلام بنی اسرائیل میں اللہ کے نبی کی حیثیت سے مبعوث ہوئے تھے اور اسی حیثیت سے مشہور ہوئے تھے[۱]۔کاشفی نے لکھا ہے کہ آپ رجعیم بن سلیمان بن داوٗد علیہما السلام کی اولاد میں سے تھے، نیز لاوی بن یعقوب کی اولاد میں سے بھی تھے[۲]۔حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: حضرت زکریا علیہ السلام نجار (لکڑی کا کام کرنے والے) تھے[۳]۔

وفات:

آپ علیہ السلام کی وفات میں بعض مؤرخین کے رائے یہ ہے کہ آپ علیہ السلام کی وفات طبعی موت کے ذریعے ہوئی اور بعض یہ کہتے ہیں کہ کچھ حالات گزرنے کے بعد حالات کی کروٹ بدلی اور یہودی آپ علیہ السلام اور آپ کے فرزند حضرت یحیٰی کی جان کے دشمن بن گئے، چنانچہ انہوں نے حضرت یحیٰی کی جان کے دشمن بن گئے، چنانچہ انہوں نے حضرت یحییی کی جان کے دشمن بن گئے، چنانچہ انہوں نے کو شہید کیا، اس کے بعد یہ ظالم لوگ حضرت زکریا کی جان کے دشمن بن گئے، چنانچہ انہوں نے کی طرف متوجہ ہوئے تاکہ انہیں بھی شہید کردیں۔آپ یہ دیکھ کر وہاں سے ہٹ گئے اور ایک درخت کے شگاف میں روپوش ہوگئے۔ظالم یہودیوں نے اسی درخت پر آرا چلادیا اور درخت کے ساتھ آپ علیہ السلام کا بدن اقدس بھی دو ٹکڑ ے ہوگیا۔

۱) تاریخ ابن کثیر، ج ۲، ص ۵۲،

۲) فیوض الرحمٰن، ج ٦، ص ۵۰۱، مکتبہ غوثیہ

۳) تفسیر در منثور، ج ۴، ص ٦۸۰، ضیاء القرآن پبلی کیشنز

۴) سیرت انبیاء، ص ٦۴۷، بحوالہ قصص الانبیاء لابن کثیر، مکتبۃ المدینہ

حضرت یحییٰ علیہ السلام

حضرت یحییٰ علیہ اسلام حضرت زکریاکے صاحبزادے اور ایک روایت کے مطابق حضرت عیسیٰ علیہ اسلام کے خالہ زاد بھائی تھے۔آپ کی والدہ اشیاع ہیں ایک روایت کے مطابق آپ حضرت مریم علیہا السلام کی بہن تھیں جس رشتے سے حضرت یحییٰ علیہ اسلام اور حضرت عیسیٰ علیہ اسلام دونوں خالہ زاد بھائی تھے، جیسا کہ جمہور کا قول ہے۔اور دوسری روایت کے مطابق آپ حضرت حنہ رضی اللہ عنہا کی بہن اور حضرت مریم علیہا اسلام کی خالہ تھیں نہ حضرت عیسیٰ علیہ اسلام کی[1]۔حضرت ابن عباس سے مروی ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اپنے بارہ حواریوں کے ساتھ حضرت یحییٰ علیہ السلام کو بھی بھیجا تاکہ لوگوں کو علم دین کی تعلیم دیں۔ظاہر تر یہ ہے کہ یحییٰ عجمی اسم ہے اور اگر وہ عربی ہو تو وہ فعل سے منقول ہے[2]۔

لباس مبارک:

اسرائیل نے ابی حصین اور خثیمہ کے حوالے سے روایت کیا ہے کہ حضرت یحییٰ علیہ السلام حضرت عیسیٰ علیہ اسلام کے خالہ زاد بھائی تھے نیز یہ کہ حضرت عیسیٰ علیہ اسلام صوف کے کپڑے پہنا کرتے تھے، جبکہ حضرت یحییٰ علیہ اسلام اونٹ اور خرگوش کے بالوں سے بنا ہوا لباس استعمال کرتے تھے۔[3]

فضائل:

ایک حدیث نبوی جو ابن عساکر نے حضرت معاذ سے روایت کی ہے، اس میں بیان کیا گیا ہے کہ حضرت محمد ﷺ نے فرمایا کہ حضرت حسن و حسین رضی اللہ عنہما جوانان جنت کے سردار ہوں گے لیکن اس کے بعد آپ ﷺ نے اس میں حضرت یحییٰ اور حضرت عیسیٰ علیہما السلام کو بھی شامل کیا[4]۔

وفات:

ابن عساکر نے حضرت عبد اللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ ایک بادشاہ نے اپنے بھائی کی بیٹی سے نکاح کرنے کا ارادہ کیا تو اس نے یحییٰ بن زکریا سے فتویٰ طلب کیا؟ حضرت یحییٰ نے فرمای یہ تیرے لئے حلال نہیں ہے۔اس عورت نے حجرت یحییٰ کے قتل کا مطالبہ کیا۔بادشاہ نے آپ کی طرف اپنے سپاہی بھیجے۔آپ اپنی عبادت گاہ میں نماز ادا فرما رہے تھے کہ ان سپاہیوں نے آپ کو قتل کر دیا پھر انہوں نے آپ کا سر تن سے جدا کر دیا اور اسے بادشاہ کے پاس لے آئے، سر کہہ رہا تھا جو تو چاہتا ہے وہ تیرے لئے حلال نہیں ہے[5]۔

۱) البدایہ والنہایہ، ج ۲، ص ۵۷، نفیس اکیڈمی

۲) البدایہ والنہایہ، ج ۲، ص ۵۲، نفیس اکیڈمی

۳) البدایہ والنہایہ، ج ۲، ص ۵۲، نفیس اکیڈمی

۴) تاریخ طبری، ج ۱ حصہ دوم، ص ۱۱۹، نفیس اکیڈمی

۵) تفسیر در منثور، ج ۴، ص ۶۹۲، ضیاء القرآن پبلی کیشنز

حضرت عیسیٰ علیہ السلام

حضرت عیسی علیہ السلام کی ولادت بیت المقدس کے قریب بیت لحم میں ہوئی تھی[1]۔

مبارک بچپن:

اسحاق بن بشیر سے مروی ہے کہ لڑکپن میں بھی حضرت عیسیٰ علیہ السلام جب کبھی سورج یا چاند یا بہتے ہوئے دریا یا بلند پہاڑ کو دیکھتے تو فوراالله تعالی کی شان میں کلمات تمجید ان کی زبان مبارک پر آ جاتے[2]۔

اسحاق بن بشیر ابن عباس کے حوالے سے بیان کرتے ہیں کہ جب حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو سات سال کی عمر میں پڑھنے کے لئے مکتب میں بٹھایا گیا تو وہ بڑی سے بڑی علمی کتاب پر ایک نظر ڈال کر اسے ایک طرف رکھ دیتے تھے[3]۔

(و لما بلغ ثلاثین سنة بعث الله نبیا) آپ علیہ السلام کی عمر تیس سال کی ہوئی تو اللہ تعالی نے آپ علیہ السلام کو نبی بنا کر مبعوث فرمایا[4]۔

انجیل مقدسہ:

ابوزرعہ دمشقی کہتے ہیں کہ ان سے عبداللہ بن صالح اور معاویہ بن صالح نے جیساکہ روایت کیا ہے اس کے مطابق انجیل مقدسہ حجرت عیسیٰ علیہ السلام پر ماہ رمضان مبارک کی اٹھارہ (۱۸) راتیں گزارنے کے بعد نازل ہوئی[5]۔

عمر مبارک بوقت نزول:

ابن جریر اپنی کتاب تاریخ میں لکھتے ہیں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر نزول انجیل کا آغاز ماہ رمضان مبارک کی مذکورہ بلا تاریخ میں ہوا جب ان کی عمر تیس سال تھی[6]۔

عمر مبارک بوقت ارتفاع (یعنی جب آپ آسمان پر تشریف لے گئے):

ابن جریر اپنی کتاب تاریخ میں لکھتے ہیں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر انجیل کا نزول اس وقت ختم ہو گیا جب اللہ تعالی نے انہیں (زندہ) کو آسمان پر اٹھالیا۔ اس وقت حضرت عیسیٰ کی عمر تینتیس سال تھی[7]۔

۱) البدایہ والنہایہ، ج ۲، ص ۶۷، نفیس اکیڈمی

۲) البدایہ والنہایہ، ج ۲، ص ۶۸، نفیس اکیڈمی

۳) البدایہ والنہایہ، ج ۲، ص ۶۸، نفیس اکیڈمی

۴) تفسیر کبیر، امام فخر الدین رازی علیہ الرحمہ، ج ۲۱، ص ۲۱۳

۵) البدایہ والنہایہ، ج ۲، ص ۷۱، نفیس اکیڈمی

۶) البدایہ والنہایہ، ج ۲، ص ۷۱، نفیس اکیڈمی

حضرت ابراہیم علیہ السلام

حضرت ابراہیم علیہ السلام سام بن نوح علیہ السلام کی آل میں سے تھے[۱]۔آپ کی جائے پیدائش میں اختلاف پایا جاتا ہے، بعض کا کہنا ہے کہ آپ اہواز کے سوس نامی علاقے میں پیدا ہوئے۔ دوسرا قول یہ ہے کہ آپ بابل کے علاقے میں پیدا ہوئے۔ابن اسحاق کا کہنا ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت نوح علیہ السلام کے درمیان صرف دو نبی آئے (حضرت صالح علیہ السلام اور حضرت ہود علیہ السلام)[۲]۔آپ کا لقب ابو الضیفان (بہت بڑے مہمان نواز) ہے۔آپ علیہ السلام کی پیدائش طوفان نوح کے سترہ سو نو (۱۷۰۹) سال کے بعد اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے تقریبا دو ہزار تین سو (۲۳۰۰) سال پہلے ہوئی[۳]۔شام کا ایک علاقہ جو کہ مؤتکفہ سے ایک دن اور ایک رات کی مسافت یا اس سے کم پر واقع ہے،اس مقام پر اللہ جل شانہ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو نبوت کا تاج پہنایا[۴]۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام کا توریہ :

ملا علی قاری علیہ الرحمہ بیان فرماتے ہیں :

قَالَ اِنِّیْ سَقِیْمٌ القلب لما فیه من الغیظ باتخاذکم النجوم الهة و بعبادتکم الاصنام

آپ نے فرمایا بے شک میرا دل بیمار ہے اس لئے کہ مجھے بہت غصہ ہے کہ تم نے ستاروں کو خدا بنا رکھا ہے یا اس لئے غصہ ہے کہ تم نے بتوں کو معبود بنا ہوا ہے[۵]۔

بَلْ فَعَلَهٗ کَبِیْرُهُمْ :علامہ رازی علیہ الرحمہ نے اس کے مختلف مطالب بیان کئے ہیں جن میں سے ایک یہ ہے :

حضرت ابراہیم نے اپنے فعل کو بت کی طرف اس لئے منسوب کیا کہ وہ ان کو توڑنے اور ذلت کا سبب بنا، کیونکہ اس کو دیکھ کر آپ کو زیادہ غصہ آیا تھا۔جس طرح کام کرنے والے کی طرف فعل منسوب ہوتا ہے،اسی طرح کام پر ابھارنے والے کی طرف بھی منسوب ہوتا ہے[۶]۔

ظالم بادشاہ کے پاس آکر ایک آدمی نے کہا کہ آپ کی مملکت میں ایک نہایت خوبصورت عورت (حضرت سارہ رضی اللہ عنہا) آئی ہے۔اس باشاہ نے ایک آسمی آپ (حضرت ابراہیم علیہ السلام) کے پاس بھیج کا سوال کیا کہ یہ عورت کون ہے؟

آپ نے فرمایا: یہ میری بہن ہے۔

اس کے باوجود بادشاہ نے کہا اسے میرے پاس بھیج دو۔چنانچہ حضرت سارہ فرعون (بادشاہ مصر) کے پاس گئیں۔حضرت ابراہیم علیہ السلام نے حضرت سارہ رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ اگر یہ ظالم بادشاہ میرے بارے میں پوچھے تو یہی کہنا کہ میں اس کی بہن ہوں اس لئے کہ مسلمان ہونے کے ناطے میری بہن ہی تو ہے۔اور اس وقت اللہ کی زمین پر میرے اور تیرے علاوہ کوئی مسلمان نہیں ہے[۷]۔

۱) تاریخ طبری، ج۱، حصہ ۱، ص ۱۶۴، نفیس اکیڈمی

۲) تاریخ طبری، ج۱، حصہ ۱، ص ۱۶۴، نفیس اکیڈمی

۳) تذکرۃ الانبیاء، ص ۱۰۶، باحوالہ تفسیر نعیمی، ج۱

۴) تاریخ طبری، ج۱، حصہ ۱، ص ۱۶۵، نفیس اکیڈمی

۵) تذکرۃ الانبیاء، ص ۱۱۸

۶) تذکرۃ الانبیاء، ص ۱۱۸

۷) تاریخ طبری، ج۱، حصہ ۱، ص ۱۷۷، نفیس اکیڈمی

حضرت اسحاق علیہ السلام

آپ حضرت ابراہیم کے چھوٹے صاحب زادے ہیں۔آپ کی پیدائش کی خوشخبری حضرت سارہ رضی اللہ عنہ کو دی گئی۔ جیسا کہ قرآن کریم میں فرمان باری تعالیٰ: فَبَشَّرْنٰهَا بِاِسْحَاقَ وَ مِنْ وَرَاءِ اِسْحَاقَ يَعْقُوْبَ[۱]: ہم نے اسے (حضرت سارہ رضی اللہ عنہ) کو اسحاق کی خوشخبری دی اور اسحاق کے پیچھے یعقوب کی۔آپ کی پیدائش کے وقت آپ کی والدہ کی عمر مبارک ۹۰ سال تھی (تفسیر جلالین میں ۹۹ سال مذکور ہے) اور آپ کے والد کی عمر مبارک ۱۲۰ سال تھی۔ حضرت اسماعیل آپ سے چودہ سال بڑے ہیں۔آپ کی بشارت کے ایک سال بعد آپ کی پیدائش ہوئی[۲]۔

اولاد:

آپ کی دو اولادیں تھیں: عیص اور حضرت یعقوب علیہ السلام[۳]۔

وفات:

حضرت اسحاق علیہ السلام ایک سو اسی (۱۸۰) سال کی عمر میں ہوئی۔اور انہیں ان کے بیٹوں نے وہیں دفن کیا، جہاں حضرت ابراہیم کی قبر مبارک بھی[۴]۔

۱) سورۃ ہود، پ ۱۲، آیت نمبر ۷

۲) تذکرۃ الانبیاء، ص ۱۳۸

۳) تاریخ طبری، ج ۱، ص ۱۲۱۸، نفیس اکیڈمی

۴) البدایہ والنہایہ، ج ۱، ص ۱۸۳، نفیس اکیڈمی

حضرت یعقوب علیہ السلام

حضرت اسحاق علیہ السلام کی بیوی کے بطن سے دو جڑواں بچے پیدا ہوئے جن میں سے ایک کا نام جو کچھ بڑے تھے عیصو رکھا (اہل عب عیص کہتے ہیں، کو کہ روم کے والد ہیں) اور دوسرے بیٹے کا نام یعقوب رکھا۔آپ کی والدہ کا نام رفقا بن بتوایل تھا اور آپ حضرت اسحاق علیہ السلام کے چھوٹے بیٹے تھے[1]۔آپ کی ولادت سے قبل ہی آپ علیہ السلام کی دادی حضرت سارہ رضی اللہ عنہا کو آپ کی بشارت دے دی گئی تھی۔ جیسا کہ فرقان حمید میں ارشاد ربانی ہے: فَبَشَّرْنٰهَا بِاِسْحَاقَ وَ مِنْ وَّرَاءِ اِسْحَاقَ يَعْقُوْبَ[2]: ہم نے اسے (حضرت سارہ رضی اللہ عنہ) کو اسحاق کی خوشخبری دی اور اسحاق کے پیچھے یعقوب کی۔آپ علیہ السلام کی پیدائش کے وقت حضرت اسحاق کی عمر ۶۰ برس تھی[3]۔

ازواج:

حضرت یعقوب علیہ السلام نے اپنی ماموں کی بیٹی لیا سے پہلا نکاح کیا۔ان کا مہر سات سال کی اپنے ماموں کے پاس ملازمت کرنا تھا۔لیا کے انتقال کے بعد آپ نے ان کی چھوٹی بہن راحیل سے نکاح کیا[4]۔ایک قول کے مطابق آپ نے راحیل سے نکاح لیا کی زندگی میں کیا۔اس زمانہ کی شریعت میں دو بہنوں کو ایک خاوند کے نکاح میں دینا جائز تھا بعد میں حضرت موسیٰ علیہ اللسلام کی شریعت میں تورات کے ذریعے اسے منسوخ کر دیا گیا[5]۔

وفات:

جب حضرت یعقوب کی وفات کا وقت قریب آیا تو آپ نے حضرت یوسف علیہ السلام کو وصیت کی کہ آپ کا جنازہ ملک شام میں لے جا کر ارض مقدسہ میں آپ کے والد حضرت اسحاق علیہ السلام کی قبر کے پاس دفن کیا جائے۔اس وصیت کی تکمیل کی گئی اور وفات کے بعد ساج کی لکڑی کے تابوت میں آپ کا جسد اطہر شام میں لایا گیا،اسی وقت آپ کے بھائی عیص کی وفات ہوئی،آپ دونوں بھائیوں کی ولادت بھی ایک ساتھ ہوئی تھی اور دفن بھی ساتھ کئے گئے اور دونوں صاحبوں کی عمر ۱۴۵ سال تھی[6]۔

۱) البدایہ والنہایہ، ج ۱، ص ۱۸۱، نفیس اکیڈمی

۲) سورۃ ہود، پ ۱۲، آیت نمبر ۷

۳) سیرت انبیاء، ص ۴۰۹، مکتبۃ المدینہ

۴) تاریخ طبری، ج ۱، حصہ اول، ص ۲۲۰، نفیس اکیڈمی

۵) تاریخ طبری، ج ۱، حصہ اول، ص ۲۲۰، نفیس اکیڈمی

۶) سیرت انبیاء، ص ۴۱۴، مکتبۃ المدینہ

حضرت اسمٰعیل علیہ السلام

حضرت اسمٰعیل علیہ السلام حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بڑے بیٹے ہیں۔آپ حضرت اسحاق علیہ السلام سے چودہ سال بڑے ہیں۔جب حضرت ابراہیم علیہ السلام نے رب تعالی سے دعا مانگی: رَبِّ هَبْ لِيْ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ[۱]: اے میرے رب! مجھے نیک اولاد عطا فرما۔یہ دعا اللہ پاک نے قبول فرمائی اور ایک بردبار لڑکے کی بشارت دی، اللہ پاک فرقان حمید میں فرماتا ہے: فَبَشَّرْنٰهُ بِغُلٰمٍ حَلِيْمٍ[۲]: تو ہم نے اسے ایک بردبار لڑکے کی خوشخبری سنائی۔کچھ عرصے بعد آپ علیہ السلام نے حضرت ہاجرہ رضی اللہ عنہ سے نکاح فرمایا تو اللہ پاک ان کے بطن سے وہ فرزند عطا فرمایا جس کی بشارت دی تھی اور یہ حضرت اسمٰعیل علیہ السلام تھے[۳]۔آپ کی مادری زبان قبطی اور پدری زبان عبرانی تھی۔جرہم قبیلہ کے لوگوں کے درمیان پلنے بڑھنے کے دوران ان سے عربی زبان سیکھ لی۔اور سب سے پہلے آپ علیہ السلام نے ہی فصیح و بلیغ عربی زبان میں کلام فرمایا[۴]۔آپ علیہ اسلام نے دو نکاح فرمائے[۵]۔

ذبیح اللہ:

اگرچہ اس مسئلہ میں اختلاف ہے کہ قربانی حضرت اسحاق علیہ اسلام کی ہوئی یا حضرت اسمٰعیل علیہ اسلام کی ہوئی، مگر قوی دلائل ہیں جن سے یہ واضح ہے کہ قربانی حضرت اسمٰعیل علیہ اسلام کی کی گئی ہے۔جن میں سے ایک یہ بھی ہے کہ: حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: اَنَا ابْنُ الذَّبِيْحَيْنِ: میں دو ذبیحوں کا بیٹا ہوں۔ایک حضرت عبد اللہ جن کو حضرت عبد المطلب نذر کی وجہ سے قربان کر رہے تھے۔اور یہ بات ثابت ہے کہ حضور پر نور ﷺ حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کی الولادوں میں سے ہیں نہ کہ حضرت اسحاق علیہ اسلام کی۔تو یہ بات ظاہر ہے کہ دوسرے ذبیح وہ ذبیح اللہ حضرت اسمٰعیل علیہ اسلام ہیں۔ذبح ہوتے وقت آپ علیہ السلام کی عمر مبارک ۱۳ سال تھی[۶]۔

وفات:

ایک قول کے مطابق جب حضرت اسمٰعیل علیہ اسلام کو آپ کی والدہ حضرت ہاجرہ رضی اللہ عنہ کے قریب دفن کیا گیا۔آپ علیہ اسلام کی عمر ۱۷۳ تھی[۷]۔

۱) سورۃ صافات، پ ۲۳، آیت نمبر ۱۰۰

۲) سورۃ صافات، پ ۲۳، آیت نمبر ۱۰۱

۳) سیرت انبیاء، ص ۳۴۵، مکتبۃ المدینہ

۴) سیرت انبیاء، ص ۳۵۱، مکتبۃ المدینہ

۵) تاریخ طبری، ج ۱، حصہ اول، ص ۱۸۴، نفیس اکیڈمی

۶) تذکرۃ الانبیاء، ص ۱۴۲، ۱۴۵

۷) تاریخ طبری، ج ۱، حصہ اول، ص ۲۱۷، نفیس اکیڈمی

حضرت ادریس علیہ السلام

آپ کا اصل نام اخنوع تھا۔آپ حضرت شیث علیہ السلام کی اولادوں میں سے ہیں۔ حضرت آدم علیہ السلام کے بعد آپ ہی سب سے پہلے نبی ہیں اور آپ پر ۳۰ صحیفے نازل کئے گئے[۱]۔آپ علیہ السلام ہی وہ پہلے نبی ہیں جنہوں نے احکام شریعت کے بارے میں خطاب کیا اور انہیں اللہ تعالی کی طرف سے اوامر اور نواہی سے اگاہ کیا[۲]۔جب آپ کی عمر ۳ یا ۸ سال ہوئی تو حضرت آدم علیہ السلام اس دنیا فانی سے رخصت فرما گئے۔ حضرت ابن عباس سے مروی ہے کہ آپ علیہ السلام کے والد یرد کے زمانے میں بت تراشے گئے اور بہت سے لوگ اسلام سے پھر کر کفر میں داخل ہو گئے۔ اللہ پاک نے آپ علیہ السلام کو تمام روئے زمین کے لئے نبی بنا کر بھیجا۔ حضرت ابو ذر غفاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول پاک ﷺ نے فرمایا: رسولوں میں سے چار رسول سریانی ہیں: حضرت آدم علیہ السلام، حضرت شیث علیہ السلام، حضرت ادریس (اخنوع) علیہ السلام اور حضرت نوح علیہ السلام[۳]۔

۱) تذکرۃ الانبیاء، ص ۸۶

۲) البدایہ والنہایہ، ج ا، ص ۱۴۴، نفیس اکیڈمی

۳) تاریخ طبری، ج ا، حصہ ا، ص ۱۱۸، نفیس اکیڈمی

حضرت نوح علیہ السلام

آپ حضرت ادریس علیہ السلام کے پر پوتے (یعنی حضرت ادریس علیہ السلام آپ کے والد کے دادا) ہیں۔آپ کے والد کا نام لامک بن متوشلح بن ادریس علیہ السلام ہے۔ حضرابن عباس فرماتے ہیں کہ حضرت آدم علیہ السلام اور حضرت نوح علیہ السلام میں دس قرون ہیں یعنی دس آباء ہیں سب ہی دین حق پر قائم تھے۔اور حضرت نوح علیہ السلام اور حضرت ابراہیم علیہ السلام میں بھی دس قرون ہیں[۱]۔حضرت آدم علیہ السلام اور آپ علیہ السلام کے زمانے میں فاصلے کے بارے اختلاف پایا جاتا ہے، مگر حدیث نبوی میں دس قرون ذکر کیئے گئے ہیں اور ابن عباس نے قرون سے مراد سو سال لئے ہیں، اس طور پر ۱۰۰۰سال کا فاصلہ ہو گیا[۲]۔آپ نے ۴۰ سال کے بعد اعلان نبوت کیا[۳]۔

اولاد:

حضرت نوح علیہ السلام کی اولاوں میں سے تین اولادیں بہت مشہور تھیں: سام، حام اور یافث۔امام احمد حضور ﷺ کی حدیث مروی کرتے ہیں: سام کی اولاوں میں اہل عرب، اہل فارس اور اہل روم ہیں، یافث کی اولاوں میں ترک، سقالبہ اور یاجوج ماجوج ہوئے اور حام کی اولاد میں قبط، بربر اور سوڈان کے لوگ ہیں[۴]۔ویسے کہا جاتا ہے کہ آپ کے یہ تینوں بیٹے آپ کے ساتھ تھے جب کہ آپ کا ایک بیٹا کنعان طوفان میں غرق ہوا، اور دوسرا بیٹا عابر طوفان سے پہلے فوت ہو چکا تھا[۵]۔

کشتی نوح:

ابن عباس کی روایت کے مطابق حضرت نوح علیہ السلام نے بوز پہاڑ پر کشتی تیار کی جس کی لمبائی ۳۰۰ زراع، چوڑائی ۵۰ زراع اور اونچائی ۳۰ زراع تھی اور کشتی کے چوڑائی والے حصے میں دروازے لگے ہوئے تھے[۶]۔اور ابن عباس ہی سے مروی ہے کہ حضرت نوح نے سب سے چیونٹی اور سب سے آخر میں گدھے کو سوار کیا[۷]۔حضرت ابن عباس سے مروی ہے کہ حضرآدم کے جسد پاک کو بھی کشتی میں رکھ لیا، آپ کا جسد اتنا بڑا تھا کہ اس کو عورتوں اور مردوں کے درمیان (بطور پردہ) حائل کر دیا۔حضرت نوح اور ان کے پیروکار ۱۰ رجب کو کشتی میں سوار ہوئے اور ۱۰ محرم کو کشتی سے نیچے اترے[۸]۔

مزار مبارک:

ابن جریر اور ازرقی نے عبد الرحمٰن بن سابط یا کسی دوسرے تابعی کے حوالے سے مرسلا بیان کیا ہے کہ حضرت نوح کی قبر مسجد حرام میں ہے[۹]۔

۱، ۳)تذکرۃالانبیاء، ص ۸۹
۲)البدایہ والنہایہ، ج۱، ص ۱۴۶، نفیس اکیڈمی
۳)البدایہ والنہایہ، ج۱، ص ۱۴۶، نفیس اکیڈمی
۴)البدایہ والنہایہ، ج۱، ص ۱۴۹، نفیس اکیڈمی
۵)البدایہ والنہایہ، ج۱، ص ۱۵۰، نفیس اکیڈمی
۶)تاریخ طبری، ج۱، حصہ اول، ص ۱۲۸، نفیس اکیڈمی
۷)تاریخ طبری، ج۱، حصہ اول، ص ۱۲۹، نفیس اکیڈمی
۸)تاریخ طبری، ج۱، حصہ اول، ص ۱۳۰، نفیس اکیڈمی
۹)البدایہ والنہایہ، ج۱، ص ۱۵۲، نفیس اکیڈمی

رحمۃ للعلمین،شفیع المذنبین،سید الانبیاء حضرت محمد مصطفی ﷺ




حضرت اسماعیل علیہ السلام
حضرت یوسف علیہ السلام
یہودا
بنیامین
لاوی
حضرت ایوب علیہ السلام
افرہیم
حضرت داؤد علیہ السلام
حضرت یونس علیہ السلام
قاہت
حضرت ذالکفل علیہ السلام
حضرت نون علیہ السلام
حضرت یسع علیہ السلام
حضرت سلیمان علیہ السلام
حضرت موسیٰ علیہ السلام
حضرت ھارون علیہ السلام
حضرت یوشع علیہ السلام
رجعام
رجعیم
العیزار
عمران
حضرت زکریا علیہ السلام
حضرت الیاس علیہ السلام
حضرت مریم علیہا السلام
حضرت یحیٰی علیہ السلام
حضرت عیسیٰ علیہ السلام
سید الانبیاء، سید العالمین، نور رب العالمین، خاتم النبین
محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ والہ واصحابہ وسلم

جامعۃ المدینہ فیضان ضیائے مدینہ